GP کے ریکارڈ سے لی جانے والی مریضوں کی معلومات کو NHSScotland جس طریقے سے استعمال کرتی ہے اُسے بہتر بنا رہی ہے۔

Urdu version:
NHSScotland is improving the way it uses information from GP patient records.

اس سے مجھے مدد ملتی ہے۔

GP، لینارک۔

اور ہمیں بھی۔

NHS
National Services Scotland

Healthier Scotland
Scottish Government

بہتری کے لیے تبدیلی۔

سکاٹ لینڈ میں GP کے پاس موجود مریضوں کے ریکارڈ سے لی گئی معلومات کو جس طریقے سے صحت اور دیکھ بھال کی خدمات (ہیلتھ اینڈ کیئر سروسز) کی منصوبہ بندی میں مدد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اُسے بہتر بنایا جا رہا ہے۔

آپ، اور آپ کے ساتھ رہنے والے تمام افراد کو اس لیفلٹ میں دی گئی معلومات سے آگاہ ہونا چاہیے اور یہ فیصلہ کرنا چاہیے کہ آپ کیا کرنا چاہتے ہیں۔

یہ لیفلٹ کس چیز کے بارے میں ہے؟

یہ لیفلٹ بیان کرتا ہے کہ سکاٹ لینڈ میں GP کے پاس موجود مریضوں کے ریکارڈ سے لی گئی معلومات کو جس طریقے سے ہیلتھ اینڈ کیئر سروسز کی منصوبہ بندی کرنے اور اُنھیں بہتر بنانے میں مدد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اُسے کیسے بہتر بنایا جائے گا۔

یہ آپ کو SPIRE (Scottish Primary Care Information Resource، سکاٹ لینڈ کا بنیادی دیکھ بھال سے متعلقہ معلومات کا ذریعہ) کے بارے میں بتاتا ہے، جو ایک ایسی سروس ہے جسے GPs، سکاٹ لینڈ میں NHS، اور تحقیق کرنے والوں (ریسرچرز) کو یہ مدد دینے کے لیے قائم کیا گیا ہے کہ وہ GP پریکٹسز میں موجود معلومات سے سیکھیں۔

یہ اس سروس کے فوائد کی وضاحت کرتا ہے اور تفصیلات بیان کرتا ہے کہ آپ کی معلومات کو کیسے محفوظ اور رازداری میں رکھا جائے گا۔ اور یہ وضاحت کرتا ہے کہ آپ کی صحت سے متعلقہ معلومات کو جس طریقے سے استعمال کیا جا سکتا ہے اُس کے بارے میں آپ کے پاس کیا اختیارات ہیں۔

میری معلومات دوسروں کو بتانے کے کیا فوائد ہیں؟

SPIRE ایک ایسی سروس ہے جسے NHSScotland اور سکاٹش گورنمنٹ کو سکاٹ لینڈ کی صحت اور دیکھ بھال کی ضروریات کے لیے منصوبہ بندی کرنے میں مدد دینے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ یہ GP کے پاس مریضوں کے ریکارڈ میں موجود معلومات کو الیکٹرانک ذریعے سے منتقل کرنے اور انھیں NHS National Services Scotland کے پاس محفوظ طریقے سے رکھنے میں مدد دیتی ہے۔ NHS National Services Scotland معلومات کو اکٹھا کرکے اور شماریاتی معلومات اور تجزیہ فراہم کرکے NHS کی معاونت کرتی ہے جن سے NHSScotland کو مریضوں کے لیے درست فیصلے کرنے میں مدد ملتی ہے ۔

SPIRE تمام سکاٹ لینڈ میں GP پریکٹسز سے لی گئی معلومات کو محفوظ اور باحفاظت طریقے سے استعمال کرتی ہے۔

NHS کی تنظیمیں اور منظور کردہ تحقیق کار ایسے طریقوں سے SPIRE کو استعمال کرنے کے قابل ہوں گے جس سے آپ کو اور سکاٹ لینڈ میں ہر شخص کو مدد مل سکتی ہے، جیساکہ:

- تمام مریضوں کے لیے دیکھ بھال کے معیار کو بہتر بنانا۔
- جن لوگوں کو کوئی بیماری یا صحت کی کوئی ضرورت ہے اُن کے لیے سروسز اور دیکھ بھال کی منصوبہ بندی کرنا۔
- عوامی صحت کے اہم مسائل سے نمٹنا جیساکہ فلو کی وبا۔
- کمزور یا پسماندہ گروہوں کے لیے صحت اور دیکھ بھال کی سہولتوں کو بہتر بنانا۔
- ضروری ادویات اور ویکسینز کے متعلق واقفیت کو فروغ دینا۔
- مخصوص بیماریوں کے لیے نئے علاج معالجوں میں تحقیق کی معاونت کرنا۔

کون سی معلومات کو استعمال کیا جائے گا؟

معلومات کو سمجھنے اور تجزیے کے لیے آپ کے GP کے پاس موجود مریضوں کے ریکارڈ سے ایسی معلومات استعمال کی جائیں گی جیساکہ آپ کی تاریخ پیدائش، جنس، ویکسینشنز، تشخیصات اور تجویز کی گئی ادویات۔ آپ کی رازداری کے تحفظ کے لیے ان تفصیلات کو بھیجنے سے پہلے اشاراتی زبان میں تبدیل کر دیا جائے گا۔ چنانچہ آپ یہ بھروسہ رکھ سکتے ہیں کہ آپ کی معلومات ہر وقت محفوظ ہیں۔

SPIRE کے ذریعے اکٹھی کی گئی معلومات تک کون رسائی حاصل کرنے کے قابل ہو گا؟

ان معلومات کو NHS National Services Scotland میں تربیت یافتہ اور مجاز تجزیہ کار استعمال کریں گے۔ مثلاً سکاٹ لینڈ میں کسی خاص بیماری کے حامل تمام لوگوں کی تعداد شمار کرنے کے لیے۔ انفرادی معلومات کو گروپوں میں اکٹھا کیا جائے گا تاکہ قومی اور مقامی ہیلتھ بورڈ (Health Board) کے خلاصے تیار کیے جا سکیں جو عوامی طور پر دستیاب ہوں گے۔ ان رپورٹوں سے آپ کی شناخت نہیں کی جا سکے گی۔

NHSScotland کی کچھ تنظیمیں جیسا کہ Health Boards اپنے تجربے کرنے کے لیے معلومات کی درخواست کرنے کے اہل ہوں گے، مثلاً یہ سمجھنے کے لیے کہ مقامی سروسز میں کیا ہو رہا ہے۔

NHSScotland سے باہر کے تحقیق کار (مثلاً چیرٹی یا یونیورسٹی کے تحقیق کار) اگر یہ معلومات استعمال کرنا چاہتے ہیں تو اُنھیں ایک خودمختار سٹیئرنگ گروپ کو درخواست دینی پڑے گی۔ اجازت پر صرف اُس صورت میں غور کیا جائے گا جہاں واضح طور پر صحت کا فائدہ ہوتا ہو اور جہاں مریض کی رازداری ہر وقت برقرار رکھی جا سکتی ہو۔ سٹیئرنگ گروپ میں عوام کے ارکان بھی شامل ہیں جو مریضوں کے مفادات کی نمائندگی کرتے ہیں۔

کیا میرے GP کے پاس موجود مریضوں کے ریکارڈ میں دی گئی معلومات فروخت کی جائیں گی؟

نہیں۔

کیا سولسٹرز، انشورنس، ادویات یا مارکیٹنگ کی کمپنیاں SPIRE کی معلومات تک رسائی حاصل کرنے کے قابل ہوں گی؟

نہیں۔

میری معلومات کو کیسے محفوظ اور باحفاظت رکھا جائے گا؟

اس بارے میں سخت ضوابط ہیں کہ معلومات کا کیسے انتظام رکھا جاتا ہے اور عملے کے تمام متعلقہ ارکان کا یہ قانونی فرض ہے کہ معلومات کو محفوظ اور باحفاظت رکھیں۔ اس بارے میں مزید معلومات کے لیے کہ NHS National Services Scotland کیسے مریضوں کی رازداری کا تحفظ کرتی ہے **spire.scot** ملاحظہ کریں۔

میرے پاس کیا اختیارات ہیں؟

اگر آپ اس بات پر رضامند ہیں کہ NHSScotland آپ کے GP کے پاس موجود مریضوں کے ریکارڈ سے لی گئی معلومات کو ہیلتھ اینڈ کیئر سروسز کی منصوبہ بندی کرنے اور تحقیق کے لیے استعمال کر لے تو پھر آپ کو کچھ بھی کرنے کی ضرورت نہیں ہے، یہ خود بخود ہو جائے گا۔

اگر آپ SPIRE کے بارے میں کوئی سوالات پوچھنا چاہتے ہیں یا اس بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں کہ رازدارانہ معلومات کا کیسے انتظام رکھا جاتا ہے تو بس **spire.scot** ملاحظہ کریں۔ متبادل صورت میں مزید معلومات کے لیے 0800 22 44 88 پر NHS inform کو ٹیلیفون کریں۔

اگر آپ یہ نہیں چاہتے کہ آپ کے GP کے پاس موجود مریضوں کے ریکارڈ میں دی گئی معلومات کو اس طریقے سے استعمال کیا جائے تو آپ کو اپنی GP پریکٹس کو اطلاع دینے کی ضرورت ہوگی۔ اپنی GP پریکٹس کو خط لکھیں یا اُن سے بات کریں اور بتائیں کہ آپ SPIRE سے باہر رہنا چاہتے ہیں ("I want to opt out of SPIRE")۔

مجھے کب فیصلہ کرنے کی ضرورت ہوگی؟

SPIRE کو جنوری 2017 سے مرحلہ وار تمام سکاٹ لینڈ میں متعارف کروایا جائے گا۔

آپ کسی بھی وقت باہر رہنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ یہ فیصلہ کرتے ہیں تو NHS National Services Scotland آپ کے GP کے پاس موجود مریضوں کے ریکارڈ سے معلومات وصول نہیں کرے گی۔ NHS National Services Scotland معلومات کو اکٹھا کر کے اور شماریاتی معلومات اور تجزیہ فراہم کر کے NHS کی معاونت کرتی ہے جن سے NHSScotland کو مریضوں کے لیے درست فیصلے کرنے میں مدد ملتی ہے ۔

آپ کسی بھی وقت اپنا ارادہ تبدیل کر سکتے ہیں۔ آپ کے فیصلے سے آپ کو اپنے GP سے ملنے والی دیکھ بھال پر اثر نہیں پڑے گا۔

مزید معلومات اور عام سوالات کی ایک
فہرست کے لیے **spire.scot** کے
پتے پر ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

NHS inform کو
0800 22 44 88 پر ٹیلیفون کریں۔

اپنی GP پریکٹس کے
عملے سے بات کریں۔

یہ لیفلٹ عربی، چینی (مینڈرن)، پولش اور
اُردو میں دستیاب ہے; درخواست کرنے پر
دیگر زبانوں میں بھی دستیاب ہے۔ ایک
آسانی سے پڑھا جانے والا(ایزی ریڈ) ورشن
بھی تیار کیا گیا ہے۔

NHS
National Services Scotland

Healthier Scotland
Scottish Government